# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**عنوان: منتخب ایات الاحکام حدیث الاحکام (۲۹۶۴)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

# امتحانی مشق نمبر ا

## (یونٹ: 1 تا 4)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

**سوال نمبر 1۔** ارتداد کے احکام کی تشریح کریں اور عصرِ حاضر میں ان کے اطلاق سے متعلق مختلف آراء کا تجزیہ کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر 2۔** حدِ زنا اور حدِ قذف کے نفاذ کے تقاضوں کو بیان کریں اور ثبوت کے اصولوں کا جائزہ لیں۔ **(20)**

**سوال نمبر 3۔** شراب اور قمار کی ممانعت کے اسباب کو بیان کریں اور ان کے معاشرتی نقصانات پر بحث کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر 4۔** قصاص اور دیت کے نظام کا تقابلی مطالعہ پیش کریں اور انصاف کے تقاضوں کو واضح کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر 5۔** اسلامی فوجداری نظام میں حدود، قصاص اور تعزیرات کے باہمی تعلق کو واضح کریں اور عملی اہمیت کا تجزیہ کریں۔ **(20)**

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ: 5 تا 9)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

**سوال نمبر 1۔** نکاح اور طلاق کے احکام کا تفصیلی جائزہ لیں اور خاندانی استحکام میں ان کے کردار کو واضح کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر 2۔** رضاعت اور حضانت کے مسائل کی وضاحت کریں اور بچوں کے حقوق کے تحفظ میں ان کی اہمیت کو جانچیں۔ **(20)**

**سوال نمبر 3۔** اوقاف اور یتیموں کے حقوق کا جائزہ لیں اور سماجی بہبود کے نظام پر بحث کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر 4۔** وراثت اور وصیت کے اصولوں کا تجزیہ کریں اور تقسیمِ دولت میں ان کی حکمت کو واضح کریں۔ **(20)**

**سوال نمبر 5۔** سود کی حرمت کے دلائل کو بیان کریں اور اس کے معاشی اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ **(20)**